**نمبر** : 2343

کتاب کا نام... :- نقایۃ الاثر شرح خلاصۃ سیر سید البشر - جلد (۱)

مصنف ........ :- محمد ابوبکر بن عبد الرحمٰن

مہر ومالک.. :- -

سائز............ :- 23.8x14.5    سطور ... :- 18

اوراق ........... :- 456    کاتب .... :- محمد ابی بکر

تاریخ کتابت.. :- ١٩ رصفر ١١٤٣ھ / اگست ١٧٣٠ء    خط ....... :- نسخ

زبان ........... :- عربی    موضوع :- سیرت

آغاز............ :- الحمد لله رب العالمین حمداً یوافی نعمه ویکافی مزید کرمه علی کل حال، والصلوة والسلام الاتمان الاکملان علی سیدنا محمد وعلی آله وصحبه خیر صحب وآل...

اختتام ......... :- وکذالك ما اشار الیه صاحب النهایة من جهة الطب حیث قال ومن حمل الاتکاء علی المیل علی احد الشقین تاوله علی مذهب الطب فانه لایحذر فی مجاری الطعام سهلاً ولایسیفه هنیئاً ودبماتاذی به الی هنا کلام الجمع.

ترقیمہ ........ : ۔

حالت ........ : مکمل غیر مجلد۔ خوبصورت خط نسخ اور متن کی عبارت سرخ روشنائی سے لکھی ہوئی ہے۔

نوٹ ........ : یہ کتاب سیرت کے موضوع پر لکھی گئی ''شیخ ابو جعفر بن عبد اللہ بن محمد بن ابو بکر الطبری کی کتاب خلاصۃ سیر سید البشر'' کی شرح ہے۔ اکثر اوراق پر قیمتی حواشی موجود ہیں جن میں قاموس اور عیون الاثر وغیرہا معتبر کتابوں کے حوالے دیئے گئے ہیں۔ کل چار جلدوں میں شرح کی گئی ہے۔ چاروں جلدیں مصنف کے خط



میں ہیں۔ چوتھی جلد کے ترقیمہ میں کتابت کی تاریخ ۱۹ صفر ۱۱۴۳ھ/ اگست ۱۷۳۰ء دی ہوئی ہے۔

مصنف نے مقدمہ میں اہم بات عرض کی ہے کہ ان کے استاد اور صدر المحدثین مولانا شیخ زین العابدین نے یہ شرح لکھنے کا ارادہ کیا تھا اور فصل اول لکھی بھی تھی لیکن ۱۴ جمادی الآخر ۱۱۱۲ھ/ نومبر ۱۷۰۰ء میں ان کی وفات ہوگئی۔ لہذا مصنف نے اسے مکمل کیا۔ شیخ زین العابدین کی دیگر کتابوں کے لئے دیکھئے: گجرات کے علماء حدیث وتفسیر، مصنف: محبوب حسین عباسی۔

کتاب میں بکثرت حواشی ہیں۔ چند حاشیے سراج الدین غوثی کے بھی ہیں جو ان کی شرح الشرح نخبۃ الفکر سے نقل کئے ہیں۔

ابتداء میں مکمل کتاب (چار جلدیں) کی فہرست ۲۶ اوراق میں بعد میں تیار کروا کر داخل کی گئی ہے۔ موجودہ فہرست کے مخطوطہ نمبر 2394-C والی بیاض کے آغاز میں مولانا الشیخ ابوبکر کی شرح خلاصۃ السیر سے رسول اللہ کی ولادت کے متعلقہ بیان نقل کیا ہے۔